۱۹

دل سے پیارا وطن

3GYHYD

یہ ہندوستاں ہے ہمارا وطن
محبّت کی آنکھوں کا تارا وطن
ہمارا وطن دل سے پیارا وطن

وہ ہریالے کھیتوں کی تیّاریاں
وہ پھل پھوُل پودے وہ پھلواریاں
ہمارا وطن دل سے پیارا وطن

ہوا میں درختوں کا وہ جھوُمنا
وہ پتّوں کا پھوُلوں کا منہ چوُمنا
ہمارا وطن دل سے پیارا وطن

وہ ساون میں کالی گھٹا کی بہار
وہ برسات کی ہلکی ہلکی پھوار
ہمارا وطن دل سے پیارا وطن

وہ باغوں میں کویل ، وہ جنگل میں مور
وہ گنگا کی لہریں ، وہ جمنا کا زور
ہمارا وطن دل سے پیارا وطن

اسی سے تو ہے زندگی کی بہار
وطن کی محبّت ہو یا ماں کا پیار
ہمارا وطن دل سے پیارا وطن

(برج نرائن چکبست)

آنکھوں کا تارا - بہت پیارا
ہریالے - ہرے بھرے
زندگی کی بہار - زندگی کی خوشیاں

مشق

❁ **ایک جملے میں جواب لکھیے :**

ا۔ شاعر اپنے وطن کو کیا کہہ کر پکار رہا ہے؟
۲۔ ہمارے وطن کے کھیت کیسے ہیں؟
۳۔ ہمارے وطن میں برسات میں کیا ہوتا ہے؟
۴۔ اس نظم میں کون سی دوندیوں کے نام آئے ہیں؟
۵۔ زندگی کی بہار کس سے ہے؟

❁ **ستون 'الف' اور ستون 'ب' کی جوڑیاں لگائیے :**

'الف'	'ب'
منہ	پھوار
ساون	چوٗمنا
برسات	گھٹا
ہریالے	درخت
جھوٗمتے	کھیت

سرگرمی :

وطن سے محبّت پر کوئی نظم تلاش کیجیے اور اپنے دوست کو سنائیے۔